14واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز سوموار 09 ستمبر 2024

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ کھیل

لاہور: رائیونڈ سٹی میں سپورٹس سٹیڈیم / پلے گراؤنڈ بنانے سے متعلق تفصیلات

*332: جناب احمر بھٹی: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) رائیونڈ سٹی ضلع لاہور میں بچوں کے کھیل کے لیے کتنے سپورٹس سٹیڈیم یا کھیل کے میدان ہیں؟

(ب) اگر ہیں تو کن مقامات پر وقوع پذیر ہیں اور ان کی دیکھ بھال کے لیے کتنا سٹاف موجود ہے۔

(ج) اور اگر سٹیڈیم موجود نہ ہے تو کیا حکومت مستقبل قریب میں کوئی سٹیڈیم یا پلے گراؤنڈ بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 2 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 3 مئی 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) رائیونڈ سٹی ضلع لاہور میں بچوں کی کھیل کے لیے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس کے زیر نگرانی 02 سپورٹس سٹیڈیم / کھیل کے میدان موجود ہیں۔

(ب) سپورٹس سٹیڈیم / کھیل کے میدان اور ان کی دیکھ بھال کے لئے سٹاف کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ کرکٹ فلڈ لائٹ سٹیڈیم بمقام گورنمنٹ ہائی سکول فار بوائز، آرائیاں، رائیونڈ روڈ ضلع لاہور 05-07-2022 کو 74.521 ملین کی لاگت سے مکمل کیا گیا۔ سٹیڈیم کی دیکھ بھال کے لیے 06 ڈیلی ویجز ملازمین یہاں تعینات کئے گئے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام | ولدیت | عہدہ | ڈیوٹی ٹائم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | احسن الٰہی | محمد اسلم | بیلدار | 07:00AM TO 03:00PM |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2 | افتخار احمد | محمد احمد | سوئیپر | 07:00AM TO 03:00PM |
| 3 | ملک خان | محمد امیر | چوکیدار | 03:00PM TO 11:00PM |
| 4 | ماجد امیر | محمد امیر | چوکیدار | 03:00PM TO 11:00PM |
| 5 | ہمایوں شاہد | محمد امیر | چوکیدار | 11:00PM TO 07:00AM |
| 6 | محمد مبین | محمد مجید | چوکیدار | 11:00PM TO 07:00AM |

2۔ کرکٹ سٹیڈیم جیابگا، لاہور 08-06-2021 کو 27.115 ملین کی لاگت سے مکمل کیا، سٹیڈیم کی دیکھ بھال کے لیے 05 ڈیلی ویجز ملازمین یہاں تعینات کئے گئے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام | ولدیت | عہدہ | ڈیوٹی ٹائم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | شکیل احمد | محبوب احمد | چوکیدار | 07:00AM TO 03:00PM |
| 2 | غلام صابر | محمد اسلم | چوکیدار | 03:00PM TO 11:00PM |
| 3 | سرفراز احمد | افتخار علی | چوکیدار | 03:00PM TO 11:00PM |
| 4 | عمر حیات | محمد بوٹا | چوکیدار | 11:00PM TO 07:00AM |
| 5 | محمد اویس | خضر حیات | چوکیدار | 11:00PM TO 07:00AM |

(ج) رائیونڈ سٹی ضلع لاہور میں 02 سٹیڈیم ہونے کے ساتھ ساتھ ADP2024-25 میں PP-165 میں سپورٹس کمپلیکس اور جمنیزیم کی سکیم شامل کر دی گئی ہے۔ جس کا تخمینہ لاگت 350.000 ملین روپے ہے۔ عرصہ دو سال میں یہ سکیم مکمل ہو سکے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ سپورٹس کمیٹیوں کی تشکیل اور فنڈز سے متعلق تفصیلات

*396: جناب امجد علی جاوید: کیاوزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت پنجاب نے کھیلوں کے فروغ کے لیے صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں سپورٹس کمیٹیاں تشکیل دی ہیں؟

(ب) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جو سپورٹس کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں ان کمیٹیوں کے ممبران کے نام اور نوٹیفکیشن کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ج) ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کو گزشتہ پانچ سال کے دوران کتنے فنڈز فراہم کئے گئے کمیٹی نے ان فنڈز کو کہاں کہاں خرچ کیا سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(تاریخ وصولی 19 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 17 مئی 2024)

### جواب

وزیر کھیل

(الف) یہ درست ہے۔

(ب) سپورٹس بورڈ پنجاب کے آئین جاری کردہ 1985 (Amended upto 2012) کے سیکشن 24 کے تحت ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ نے نوٹیفکیشن نمبر 5074 / ڈی سی ایچ سی جی مورخہ 17 دسمبر 2020 کے تحت ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کا نوٹیفکیشن جاری کیا (کاپی بر فلیگ "اے" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ ممبران کی تفصیل بھی نوٹیفکیشن میں درج ہے:

| نمبر شمار | نام | عہدہ | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ڈپٹی کمشنر، ٹوبہ ٹیک سنگھ | چیئرمین | |
| 2۔ | ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) | ممبر | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3۔ | چیف ایگزیکٹو آفیسر DEA | ممبر | |
| 4۔ | آل چیف آفیسر MCS | ممبر | |
| 5۔ | آل چیف آفیسر، تحصیل کونسل | ممبر | |
| 6۔ | ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) | ممبر | |
| 7۔ | ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر | ممبر / سیکرٹری | |
| 8۔ | محمد شفیق | ممبر | اولمپین ہاکی پلیئر |
| 9۔ | محمد اسجد | ممبر | کبڈی پلیئر |
| 10۔ | اظہر اویس | ممبر | مخیر حضرات |
| 11۔ | اختر حسین | ممبر | سوشل ورکر |
| 12۔ | محمد اسلام | ممبر | فٹ بالر پلیئر |
| 13۔ | امِ کلثوم | ممبر | سوشل ورکر |
| 14۔ | عظمٰی قیوم | ممبر | سوشل ورکر |
| 15۔ | انور بیگ | ممبر | سی ای او ڈسٹرکٹ کونسل |
| 16۔ | صفدر علی | ممبر | مخیر حضرات |

(ج) سپورٹس بورڈ پنجاب کے سیکشن (ii)26 کے تحت ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کا فنڈ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوتا ہے:

(i)۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کی طرف سے سالانہ گرانٹ

(ii)۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کی طرف سے سپیشل گرانٹ

(iii)۔ امدادی رقم

(iv)۔ ٹورنامنٹس / میچز، کیمپس، سٹیڈیم، لوکل کونسل اور پراپرٹیز کی مد میں جمع ہونے والی رقم۔

ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کو گزشتہ پانچ سال کے دوران سپورٹس بورڈ پنجاب کی طرف سے کوئی گرانٹ فراہم نہیں کی گئی۔ جبکہ ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کو سپورٹس سٹیڈیم کی 29 دوکانات اور سپورٹس سہولیات کی فیس کی مد میں انکم موصول ہوئی ہے اور اس مد میں اخراجات ڈپٹی کمشنر / چیئرمین ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کی منظوری سے کیے گئے جن کی سالانہ تفصیل بر فلیگ "بی" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

صوبہ بھر میں کھیلوں کے فروغ کے منصوبہ جات اور گراؤنڈ بنانے سے متعلق تفصیلات

*398: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت پنجاب نے 18-2013 میں صوبہ بھر کی طرح ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی کھیلوں کی ترویج کے لیے دیہات میں گراؤنڈ بنانے کا فیصلہ کیا تھا؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس سکیم کے تحت ہر ضلع اور تحصیل میں گراؤنڈ بنانے کے لیے سائیٹس کا انتخاب بھی کر لیا گیا تھا۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ اب کھیلوں کے فروغ کا منصوبہ روک دیا گیا ہے یا ختم کر دیا گیا ہے یا اس کے لیے مختص فنڈز ختم کر دیئے گئے ہیں۔

(د) اگر جواب اثبات میں ہے تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمایا جائے۔

(تاریخ وصولی 19 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 17 مئی 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب)ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سال 18-2017 کے دوران تین (03) سپورٹس سکیمیں منظور ہوئیں اور ان میں سے دو (02) سپورٹس سکیموں کی مکمل سائٹ منتخب کی گئی اور کام مکمل ہوا۔ جبکہ تیسری سکیم جس میں پانچ (05) مختلف گاؤں میں کام ہونا تھا ان میں سے دو (02) گاؤں (چک نمبر 341 گ ب اور چک نمبر 343 گ ب) میں سپورٹس گراؤنڈ مکمل ہوئے۔ باقی تین گاؤں کی سائٹس مہیا نہیں کی گئیں۔ تفصیل درج ذیل ہے:

i۔ ڈویلپمنٹ آف فٹ بال گراؤنڈ بھلیر ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ (فلڈ لائٹ)

ii۔ 7 x 7 آسٹر وٹرف ہاکی گراؤنڈ ہاؤسنگ کالونی ٹوبہ ٹیک سنگھ (فلڈ لائٹ)

iii۔ اپ گریڈیشن آف 5 نمبرز سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 343 گ ب، چک نمبر 305 گ ب، چک نمبر 340 گ ب، چک نمبر 334 گ ب، چک نمبر 341 گ ب

(ج) یہ درست نہیں ہے۔ مالی سال 24-2023 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی مختلف سپورٹس سکیمیں شامل کی گئی تھیں۔ جن میں دو بڑی اور متعدد چھوٹی دیہات لیول کی (سافٹ اینڈ گرین) سہولیات شامل ہیں۔ ان میں سے کچھ سکیمیں مکمل ہو چکی ہیں اور کچھ پر کام جاری ہے۔ بر فلیگ "A" تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) درست نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

سال 2024 انڈر 17 ساؤتھ ایشین بیڈ منٹن چمپئن شپ سے متعلق تفصیلات

*498: جناب اُسامہ فضل: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) مارچ 2024 میں انڈر 17 ساؤتھ ایشین بیڈ منٹن چمپین شپ اسلام آباد میں منعقد ہوئی تھی اس میں صوبہ بھر سے کتنے لڑکے اور لڑکیوں نے حصہ لیا تھا تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب)اس میں حصہ لینے والے بچوں کی پوزیشن کیا رہیں اور پوزیشن / میڈلز لینے والے بچوں کو کن کن انعامات سے نوازا گیا تفصیلات سے آگاہ کریں۔

(ج) کیا حصہ لینے والے بچوں کو کوئی تعریفی اسناد سے نوازا گیا ہے تفصیل سے آگاہ کریں۔

(د) حکومت نے بیڈمینٹن میں حصہ لینے والے / پوزیشن حاصل کرنے والے ہونہار بچوں کی کوچنگ اور دیگر سہولیات کے لئے کوئی ادارہ قائم کیا ہے اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں تفصیلات سے آگاہ کریں۔

(تاریخ وصولی 26اپریل2024 تاریخ ترسیل23مئی2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف)مارچ2024 میں انڈر17 ساؤتھ ایشین بیڈ منٹن چیمپین شپ پاکستان بیڈ منٹن فیڈریشن نے منعقد کروائی جس میں صوبہ پنجاب سے مندرجہ ذیل کھلاڑیوں نے حصہ لیا

| انڈر15 | انڈر17 |
|---|---|
| 1۔ہارون احمد | 1۔ محمد سلیمان |
| 2۔ہمنہ اِرشاد | 2۔روشانِ احسن |
| 3۔رومیشہ فیصل | 3۔ سمہا نوید |
| | 4۔خوزیمہ شہزاد |
| | 5۔فاطمہ ظہیر |

ان کی سلیکشن پاکستان بیڈ منٹن فیڈریشن نے اوپن ٹرائل کے ذریعہ کی۔

(ب)مارچ2024 میں انڈر17 ساؤتھ ایشین بیڈ منٹن چمپین شپ میں حصہ لینے والے لڑکے اور لڑکیوں کے نام اور پوزیشن درج ذیل ہیں:-

| انڈر-17 میں حصہ لیا | انڈر-15 میں حصہ لیا |
| --- | --- |
| محمد سلیمان(Silver) | ہارون احمد(Bronze) |
| روشانِ احسن(Silver) | ہمنہ اِرشاد(Bronze) |
| سمہانوید(Silver) | رومیثہ فیصل(Silver) |
| خوزیمہ شہزاد(Gold-Double) | |
| فاطمہ ظہیر(Bronze-Double) | |

پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں کو صرف میڈلز سے نوازا گیا تھا۔

(ج)تاحال ان بچوں کو تعریفی اسناد سے نہیں نوازا جاسکا۔

(د)پاکستان بیڈ منٹن فیڈریشن کی طرف سے پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کی کوچنگ اور دیگر سہولیات کے لیے کوئی درخواست محکمہ سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب کو موصول نہیں ہوئی۔ پاکستان بیڈ منٹن فیڈریشن کی طرف سے باضابطہ درخواست موصول ہونے پر سپورٹس انڈومنٹ فنڈ سے کوچنگ اور دیگر سہولیات مہیا کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

جہلم: اے ڈی پی کے تحت پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے زیر انتظام شہری اور دیہی علاقوں میں سپورٹس سہولیات سے متعلق تفصیلات

*548: سید رفعت محمود: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)ضلع جہلم میں محکمہ سپورٹس نے سال 24-2023 تک ضلع بھر میں کھیلوں کے فروغ کے لئے ہر سال سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) کے تحت پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) کے زیر انتظام مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں کون کون سی سپورٹس سہولیات دی گئی تفصیل بتائی جائے؟

(ب) کھیلوں کے لیے سالانہ کتنا فنڈ دیا جاتا ہیں اور وہ کہاں کہاں خرچ کیا جاتا ہیں۔

(ج) کیا کھیلوں کے فروغ کا سلسلہ جاری ہے یا ختم کر دیا گیا ہے تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 26 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 30 مئی 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) ضلع جہلم میں محکمہ سپورٹس پنجاب نے نوجوان کھلاڑیوں میں کھیلوں کے فروغ اور کھیلوں کی تعمیر و ترقی کے لیے ضلع جہلم کی ہر تحصیل میں سپورٹس سہولیات قائم کی ہیں۔

1۔ جن میں تحصیل جہلم میں کثیر المقاصد سپورٹس جیمنیزیم جو محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے تحت سال 2006 کی سکیم تھی جس کے دائرہ کار کو بڑھایا گیا اور 2017 میں اس کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد محکمہ کھیل جہلم کے حکام کو ہینڈ اوور کر دیا گیا تھا۔ جس میں انڈور گیمز، بیڈ منٹن، کراٹے، ٹیبل ٹینس اور مرد و خواتین کے لیے فٹنس جمز موجود ہیں اور ضلع جہلم کے کھلاڑی و عام شہری ان سپورٹس سہولیات کو بہترین طریقے سے استعمال کر رہے ہیں۔

2۔ ضلع جہلم کی تحصیل دینہ میں محکمہ سپورٹس پنجاب کی سکیم کرکٹ گراؤنڈ چک اکا دینہ جو محکمہ سپورٹس کے زیر انتظام PMU نے سال 2021 میں اپ گریڈ کی جہاں روزانہ کی بنیاد پر کرکٹ ایسوسی ایشنز و دیگر کلبز و ادارے میچ منعقد کرواتے ہیں اور کرکٹ کی سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔

3۔ ضلع جہلم کی تحصیل سوہاوہ کی فٹ بال گراؤنڈ بھی سال 2006 کی C&W کی سکیم تھی جسے PMU کے زیر انتظام اپ گریڈیشن کے بعد 2022 میں محکمہ کھیل جہلم کے حکام کو ہینڈ اوور کر دی گئی تھی۔ جہاں محکمہ سپورٹس پنجاب نے نوجوان کھلاڑیوں میں کھیلوں کے فروغ کے سلسلہ میں منی فٹ بال سٹیڈیم قائم کیا ہے جس سے تحصیل سوہاوہ کے فٹ بال شائقین مستفید ہو رہے ہیں۔

4۔ ضلع جہلم کی ہر تحصیل میں محکمہ سپورٹس پنجاب نے سپورٹس کی تعمیر وترقی اور فروغ کے لیے انفراسٹرکچر (سہولیات) قائم کی ہیں اسی طرح تحصیل پنڈ دادن خان میں بھی محکمہ سپورٹس پنجاب نے تحصیل سپورٹس کمپلیکس جو کہ محکمہ C&W کے زیر انتظام تعمیر کیا گیا جسے بعد ازاں PMU کے تحت اپ گریڈیشن کے بعد سال 2022 میں محکمہ کھیل جہلم کے حکام کے ہینڈ اوور کر دیا گیا تھا۔ جس میں انڈور گیمز میں بیڈ منٹن اور آؤٹ ڈور گیمز میں کرکٹ، فٹ بال اوپن جم موجود ہیں۔

5۔ تحصیل پنڈ دادن خان میں ہی تقریباً 6 تا 7 کلو میٹر کے فاصلے پر فٹ بال گراؤنڈ موجود ہے جو کہ محکمہ ایجوکیشن کی ملکیت ہے لیکن اس کا انتظام وانصرام محکمہ سپورٹس پنجاب کے زیر کنٹرول ہے۔

(ب) سال 24-2023 میں محکمہ سپورٹس پنجاب کی جانب سے ضلع جہلم میں کھیلوں کے لیے 4,49,966 روپے کا بجٹ جاری کیا گیا جو کہ سال 24-2023 میں ہونے والے سپورٹس مقابلوں پر خرچ کیا گیا جس میں کھلاڑیوں کے لیے نقد انعامات، کھلاڑیوں اور آفیشلز کے لیے شیلڈز وٹرافیز وغیرہ کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

سپورٹس جیمنزیم جہلم میں ماہانہ آمدنی کا ذریعہ ممبر شپ فیس اور کھلاڑیوں کی ماہانہ فیس ہے تقریباً 65 ہزار روپے ہے جو کہ سپورٹس بورڈ پنجاب کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق وصول کی جاتی ہے جنہیں سپورٹس کمپلیکس جہلم کے بنک اکاؤنٹ میں جمع کروادیا جاتا ہے۔ جس کی ماہانہ تفصیلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا جاتا ہے سپورٹس کمپلیکس جہلم کے آمدنی سے ڈپٹی کمشنر جہلم کی اجازت کے بعد منی سپورٹس ایونٹس کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

دوسرا آمدنی کا ذریعہ کرکٹ گراؤنڈ چک اکادینہ سے وصول ہونے والے گراؤنڈ بکنگ چارجز ہیں۔ جن سے کرکٹ گراؤنڈ چک اکادینہ کے دیگر مرمتی اور گراؤنڈ کی مرمت اور تیاری کے حوالے سے اس پر اٹھنے والے اخراجات کی ادائیگی کی جاتی ہے اور بجلی کے بلز بھی ادا کیے جاتے ہیں۔

محکمہ سپورٹس جہلم کے زیر انتظام فٹ بال سٹیڈیم سوہاوہ میں تین عدد دوکانیں موجود ہیں جو کبھی بھی رینٹ آوٹ نہیں ہوئیں، جن کی نیلامی کے لیے دستاویزی کام جاری ہے۔

(ج) ضلع جہلم میں کھیلوں کے فروغ کا سلسلہ لگاتار جاری ہے اور گزشتہ ماہ میں ضلع جہلم میں سمر سپورٹس گالا 2024 کا انعقاد کیا گیا جو کہ 25 تا 28 مئی 2024 تک جاری رہا۔ جس میں کراٹے، بیڈمنٹن ،فٹ بال، ہاکی اور کرکٹ ٹیپ بال فلڈ لائٹس ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا گیا۔

مزید یہ کہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جہلم، ضلع کونسل جہلم، میونسپل کمیٹی جہلم و دینہ کے مالی اشتراک سے جہلم سپورٹس فیسٹول کا انعقاد کیا جو کہ مورخہ 24 جون 2024 سے 29 جون 2024 تک جاری رہا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## صوبہ بھر میں ای لائبریری کے قیام سے متعلق و دیگر تفصیلات

*612: سردار محمد اویس دریشک: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ 2014 میں اس وقت کی حکومت نے ای لائبریریز کا منصوبہ شروع کیا تھا؟

(ب) اس منصوبہ کے تحت صوبہ میں کہاں کہاں اور کتنی ای لائبریریوں کا قیام عمل میں لایا گیا۔

(ج) جنوبی پنجاب کے کن کن شہروں میں اس منصوبہ کے تحت ای لائبریری بنائی گئی۔

(د) کیا راجن پور میں بھی ای لائبریری قائم کی گئی تو اس کی لاگت، عملہ کی تعداد، نوعیت وغیرہ کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 30 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 5 جون 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب)اس منصوبہ کے تحت فیز 1 میں 20 اضلاع میں 20 ای لائبریریز کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔لاہور 2۔ شیخوپورہ 3۔اوکاڑہ 4۔ٹوبہ ٹیک سنگھ، 5۔ساہیوال 6۔ملتان

7۔ مظفر گڑھ، 8۔ڈیرہ غازی خان 9۔ بہاولپور 10۔رحیم یار خان 11۔ گوجرانوالہ 12۔ گجرات

13۔راولپنڈی 14۔اٹک 15۔فیصل آباد 16۔ سرگودھا 17۔ بھکر 18۔میانوالی 19۔ وہاڑی 20۔نارووال۔

(ج)فیز 1 میں جنوبی پنجاب کے 6 اضلاع میں ای لائبریریز کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ملتان 2۔وہاڑی 3۔ڈیرہ غازی خان 4۔ مظفر گڑھ 5۔ بہاولپور 6۔رحیم یار خان۔

(د)جی نہیں۔ ضلع راجن پور میں فیز 1 میں ای لائبریری کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا تھا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

---

راجن پور: کوٹ مٹھن اور عمر کوٹ میں گراؤنڈز اور منی اسٹیڈیم قائم کرنے سے متعلق تفصیلات

*614: سردار محمد اویس دریشک: کیاوزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں سرکاری طور پر کھیل کے کتنے منی سٹیڈیم اور گراؤنڈز کہاں کہاں اور کتنے رقبہ پر ہیں ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) کیا حکومت نوجوانوں کو کھیل کی سہولیات مہیا کرنے کے لیے کوٹ مٹھن اور عمر کوٹ جیسے کثیر آبادی والے قصبہ جات میں کھیلوں کا گراؤنڈز اور منی اسٹیڈیم قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو کیوں۔

(تاریخ وصولی 30 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 5 جون 2024)

## جواب

### وزیر کھیل

(الف) ضلع راجن پور میں سرکاری طور پر کھیلوں کے 5 منی اسٹیڈیم اور 6 گراونڈز تعمیر کیے گئے۔

**منی اسٹیڈیم۔**

| نام گراونڈز / پتہ | دورانیہ تعمیر | رقبہ |
|---|---|---|
| کرکٹ اسٹیڈیم گونمنٹ بوائز ہائی سکول راجن پور۔ | 2021-2017 | 62 کنال |
| کرکٹ اسٹیڈیم گونمنٹ بوائز ہائی سکول جام پور۔ | 2021-2017 | 58 کنال |
| سپورٹس کمپلیکس جام پور | 2022-2021 | 85 کنال |
| کرکٹ اینڈ فٹبال گراونڈز روجھان۔ | 2021-2017 | 80 کنال |
| کرکٹ گراونڈز کامرس کالج رجھان۔ | 2021-2017 | 22 کنال |

**گراونڈز۔**

| نام گراونڈز / پتہ | دورانیہ تعمیر | رقبہ |
|---|---|---|
| سپورٹس پلے فیلڈ داجل تحصیل جام پور | 2022-2021 | 39 کنال |
| سپورٹس پلے فیلڈ میونسپل کمیٹی فاضل پور تحصیل راجن پور | 2022-2021 | 55 کنال |
| سافٹ اینڈ گرین سپورٹس فسیلیٹی عمرکوٹ تحصیل روجھان | 2024-2022 | 08 کنال |
| سافٹ اینڈ گرین سپورٹس فسیلیٹی کوٹلہ گڈے شاہ تحصیل راجن پور | 2024-2022 | 34 کنال |
| سافٹ اینڈ گرین سپورٹس فسیلیٹی حاجی پور تحصیل جام پور | 2024-2022(زیر تعمیر) | 10 کنال |
| سافٹ اینڈ گرین سپورٹس فسیلیٹی کوٹلہ مغلاں تحصیل جام پور | 2024-2022(زیر تعمیر) | 10 کنال |

(ب) جی ہاں عمرکوٹ میں نوجوانوں کو کھیلوں کی سہولیات مہیا کرنے کے لیے سافٹ اینڈ گرین سپورٹس کا قیام عمل میں لایا گیا جو 8 کنال رقبہ پر مشتمل ہے۔ تاہم سالانہ ترقیاتی پروگرام 25-

2024 میں کوٹ مٹھن اور عمر کوٹ میں کھیلوں کے مزید گراونڈ اور منی سٹیڈیم کا کوئی منصوبہ شامل نہیں ہے۔ اگلے مالی سال میں فزیبلٹی مکمل ہونے اور فنڈز کی فراہمی پر سپورٹس گراونڈ بنایا جاسکے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

رحیم یار خان: خان پور سپورٹس سٹیڈیم اور سرکاری گراؤنڈ اوران میں کھیلوں سے متعلق تفصیلات

*911: چوہدری محمد اعجاز شفیع: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) خان پور شہر میں (ضلع رحیم یار خان) میں کتنے سپورٹس منی سٹیڈیم اور کھیلوں کے سرکاری گراؤنڈز کہاں کہاں موجود ہیں جگہ، رقبہ اور دستیاب سہولیات کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) تحصیل خان پور میں 2018 سے اب تک کھیلوں پر کتنی رقم خرچ ہوئی اور کھیلوں کے کون کون سے مقابلے منعقد کروائے گئے سال وائز تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) اس شہر میں حکومت مزید کہاں کہاں کون کون سے کھیل کے لیے گراؤنڈز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 17 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) اس ضمن میں (i)۔ پروٹوٹائپ جیمنیزیم خانپور میونسپل کمیٹی روڈ All Indoor Games میل / فی میل موجود ہیں (رقبہ دو ایکڑ)

(ii)۔7x7 ہاکی، فٹ بال گراؤنڈ کرکٹ پریکٹس پچ، میونسپل پارک خانپور۔ (رقبہ تین ایکڑ چھ کنال)

(iii)۔ منی سپورٹس کمپلیکس ظاہر پیر تحصیل خانپور (رقبہ تین ایکڑ دو کنال)

سہولیات۔

پویلین، ملٹی پرپز، فٹ بال، کرکٹ، کبڈی گراؤنڈ، والی بال، اوپن بیڈ منٹن کورٹس، چلڈرن پلے ایریا، اوپن جم، جاگنگ ٹریک، فلڈ لائٹ، پبلک ٹوائلٹ

(ب) تحصیل خانپور میں 2018 سے اب تک کھیلوں کے تمام مقابلہ جات تحصیل میونسپل کمیٹی کے 2 فیصد سپورٹس فنڈ سے زیر
سرپرستی ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے تعاون سے منعقد کروائے گئے۔ جس پر تقریباً 23 لاکھ 87 ہزار 5 سو روپے خرچ ہوئے۔

(ج)(i)۔ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ سال 25-2024 میں 120 ملین کی لاگت سے 71 کنال 1 مرلہ پر سپورٹس کمپلیکس خانپور میں تعمیر کر رہا ہے۔

سہولیات

جس میں پویلین، ہاکی فٹ بال، کرکٹ، ملٹی پرپز گراؤنڈز، جاگنگ ٹریک، فلڈ لائٹ، چلڈرن پلے ایریا، اوپن جم، باسکٹ بال، والی بال، بیڈ منٹن، اوپن کورٹس، پبلک ٹوائلٹ بلاک، سیٹنگ سٹیپس تعمیر کیے جاتے ہیں۔

(ii)۔ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے 25-2024 میں Rehabilitation پروٹوٹائپ جیمنیزم تحصیل خانپور کے لیے 120 ملین مختص کئے ہیں۔ جس سے تحصیل خانپور کی عوام کو کھیلتا پنجاب کے ویژن کے تحت برابری کی سطح پر بہترین سپورٹس کی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

چنیوٹ: سٹیڈیم، سپورٹس کمپلیکسز کی تعداد اور میسر سہولیات سے متعلق تفصیلات

*939: جناب ذوالفقار علی شاہ: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع چنیوٹ میں کتنے سٹیڈیم، سپورٹس کمپلیکسز، بیڈ منٹن ہالز اور کھیلوں کے گراؤنڈ موجود ہیں؟

(ب) کیا کوئی ایسی پالیسی حکومتی سطح پر زیر غور ہے جس میں یہ موجود ہو کہ دیہاتوں میں جہاں سرکاری زمین میسر ہو وہاں پر کھیلوں کے گراؤنڈ یا سٹیڈیم بنائے جائیں گے۔

(ج) کیا قومی کھیل ہاکی کے فروغ کے لیے تحصیل / ضلعی سطح پر آسٹر وٹرف کی سہولت فراہم کرنے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے۔

(د) کیا اولمپک کھیل والی بال کے فروغ کے لیے کوئی تربیتی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

(تاریخ وصولی 20 مئی 2024 تاریخ ترسیل 8 جولائی 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) ضلع چنیوٹ میں درج ذیل سپورٹس گراؤنڈز موجود ہیں۔

1۔ تحصیل سپورٹس کمپلیکس بھوانہ

بیڈ منٹن ہالز: TMA بیڈ منٹن ہال، چناب کلب بیڈ منٹن ہال

گراؤنڈز: ہاکی گراؤنڈ چنیوٹ، کرکٹ گراؤنڈ بھوانہ، فٹ بال گراؤنڈ بھوانہ، فٹ بال گراؤنڈ لالیاں، کرکٹ گراؤنڈ چک نمبر JB/130، کرکٹ گراؤنڈ چک نمبر JB/132، فٹ بال گراؤنڈ چک نمبر JB/195، کرکٹ گراؤنڈ چک نمبر JB/466، کرکٹ گراؤنڈ چک نمبر JB/191۔

(ب) ضلع چنیوٹ کے دیہاتوں میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے سافٹ پلے گراؤنڈز بنائے گئے ہیں ضلع چنیوٹ کے دیہاتوں میں چک نمبر JB/195، JB/130، JB/132، JB/466، JB/191 میں سافٹ پلے گراؤنڈ بنائے گئے ہیں۔ فی الحال کھیلتا پنجاب کے تحت ان تحصیلوں میں سپورٹس گراونڈز بنائے جائیں گے جہاں سپورٹس کی کوئی سہولیات میسر نہیں ہیں۔

(ج) قومی کھیل ہاکی کے لیے تحصیل / ضلع سطح پر آسٹر وٹرف کی سہولت ابھی تک زیر غور نہ ہے۔

(د) ضلع چنیوٹ کے رجسٹرڈ والی بال کلب اپنی سطح پر تربیتی کیمپ لگاتے رہتے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## چکوال: تحصیل چوآسیدن شاہ میں پلے گراؤنڈ میں سہولیات سے متعلق تفصیلات

*1125: محترمہ مہوش سلطانہ: کیاوزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل چوآسیدن شاہ میں جوPlayGround بنایا گیاہے اس کو مکمل Facilities کب تک دی جائیں گی؟

(ب) اس میں اب تک کون کون سی سہولیتں دی گئی ہیں اور کون سی بقایاہیں وہ کب تک دی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی4جون2024 تاریخ ترسیل29جولائی2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) اس پلے گراؤنڈ کو2021میں38.579ملین روپے کی لاگت سے مکمل طور پر فنکشنل کر دیا گیا ہے۔ کھلاڑی اور عوام الناس ان سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔

(ب)a)کرکٹ پویلین

b)کرکٹ گراؤنڈ

c)فٹ بال گراؤنڈ

(dباسکٹ بال کورٹ

e)کرکٹ آرٹیکلز

f)باونڈری وال اینڈ گیٹ

g)الیکٹرک کنیکشن

اس میں تمام سہولیات مہیا کر دی گئی ہیں اس میں مزید کوئی سہولیات بقایانہیں ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## لاہور: محکمہ سپورٹس کے ملازمین اور کلاس فور میں بھرتی کیے گئے ڈیلی ویجز ملازمین سے متعلق تفصیلات

*1301: جناب فیلبوس کرسٹو فر: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع لاہور محکمہ سپورٹس میں کتنے ملازمین ہیں سکیل وائز تفصیل بیان فرمائی جائے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے سال 2023 اور 2024 میں کلاس فور میں ڈیلی ویجز ملازمین بھرتی کئے، ان کی سکیل وائز تفصیل بیان فرمائی جائے۔

(ج) سال 2023 اور 2024 میں ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں کتنا فنڈ زرکھا اس میں کتنا خرچ ہوا مکمل تفصیل بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 22 جون 2024 تاریخ ترسیل 10 اگست 2024)

### جواب

وزیر کھیل

(الف) ضلع لاہور محکمہ سپورٹس میں 28 ملازمین ہیں جن کی سکیل وائز تفصیل درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | نام آفیسر / آفیشل | عہدہ | سکیل |
|---|---|---|---|
| 1 | تنویر عباس | ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر، لاہور | 17 |
| 2 | وقار سکندر | تحصیل سپورٹس آفیسر، تحصیل لاہور سٹی، لاہور | 16 |
| 3 | محمد نعمان شریف | تحصیل سپورٹس آفیسر، تحصیل شالیمار، لاہور | 16 |
| 4 | محمد ناصر | تحصیل سپورٹس آفیسر، تحصیل لاہور کینٹ، لاہور | 16 |
| 5 | آصف نعیم ورک | تحصیل سپورٹس آفیسر، تحصیل ماڈل ٹاون، لاہور | 16 |
| 6 | ندیم نعیم | تحصیل سپورٹس آفیسر، تحصیل رائیونڈ، لاہور | 16 |
| 7 | محمد اصغر | اسسٹنٹ، جیمنیزم ہال، لاہور | 16 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8 | اسد عباس | جونیئر کلرک، جیمنیزم ہال، لاہور | 11 |
| 9 | محمد فرید خان | ،لاہورPlayجونئر کلرک،ڈسٹرکٹ سپورٹس | 11 |
| 10 | آغا اصغر علی خان | جونیئر کلرک، تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل لاہور سٹی، لاہور | 11 |
| 11 | محمد سلیم ظفر | جونیئر کلرک، تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل ماڈل ٹاون، لاہور | 11 |
| 12 | محمد آفتاب | جونیئر کلرک، تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل رائیونڈ، لاہور | 11 |
| 13 | محمد امجد | جونیئر کلرک، تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل لاہور کینٹ، لاہور | 11 |
| 14 | محسن جعفر | نائب قاصد، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس، لاہور | 01 |
| 15 | محمد سعید | نائب قاصد، جمنیزم ہال لاہور | 01 |
| 16 | ندیم اقبال | بیلدار، سپورٹس فیسیلیٹی پڑھانہ، لاہور | 01 |
| 17 | عثمان شاکر | چوکیدار، میاں میر سپورٹس کمپلیکس، لاہور | 01 |
| 18 | رانا حیدر علی خان | چوکیدار، میاں میر سپورٹس کمپلیکس، لاہور | 01 |
| 19 | صابر منیر | چوکیدار، ملٹی پرپز سپورٹس فیسیلیٹی آر-ٹو بلاک جوہر ٹاون، لاہور | 01 |
| 20 | محمد فیاض | چوکیدار، ملٹی پرپز سپورٹس فیسلیٹی آر-ٹو بلاک جوہر ٹاون، لاہور | 01 |
| 21 | احسان اللہ | چوکیدار، جیمنیزم ہال، لاہور | 01 |
| 22 | سید ارمغان علی زیدی | چوکیدار، جیمنیزم ہال، لاہور | 01 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 23 | عرب گُل | چوکیدار، جیمنیزم ہال، لاہور | 01 |
| 24 | عرفان مسیح | سویپر، جیمنیزم ہال، لاہور | 01 |
| 25 | شفقت مسیح | سویپر، جمنیزم ہال، لاہور | 01 |
| 26 | محمد اخلاق | سویپر، ملٹی پرپز سپورٹس فیسیلیٹی آر-ٹو بلاک جوہر ٹاون، لاہور | 01 |
| 27 | محمد رابیل | سویپر، میاں میر سپورٹس کمپلیکس، لاہور | 01 |
| 28 | نوبہار | سویپر، کرکٹ گراونڈ نواب ٹاون، لاہور | 01 |

(ب) ضلع لاہور محکمہ سپورٹس نے سال 2023 میں کوئی کلاس فور ڈیلی ویجز ملازم بھرتی نہیں کیے ہیں۔ جبکہ سال 2024 میں کلاس فور ڈیلی ویجز بھرتی کئے گئے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے

| نمبر شمار | نام کلاس فور وڈیل ویجز ملازم | عہدہ | نمبر شمار | نام کلاس فور وڈیل ویجز ملازم | عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کاشف رضا ولد افتخار احمد | بیلدار | 12 | احسان میراج ولد میراج دین | چوکیدار |
| 2 | زین رفیق ولد محمد رفیق | بیلدار | 13 | وقاص احمد ولد مبارک علی | چوکیدار |
| 3 | فقیر رفیق ولد محمد رفیق | بیلدار | 14 | علی اعظم ولد غلام نبی | چوکیدار |
| 4 | حسن اعجاز ولد اعجاز حسین | بیلدار | 15 | محمد رشید ولد عبدالمجید | چوکیدار |
| 5 | محمد عفیف بدر ولد عبدالحفیظ | بیلدار | 16 | غلام عباس ولد محمد آصف | چوکیدار |
| 6 | محمد ناصر ولد محمد عارف | بیلدار | 17 | غلام علی ولد صفدر علی | چوکیدار |
| 7 | بابر حسین ولد شامت علی | بیلدار | 18 | محمد جمشید ولد محمد طفیل | چوکیدار |
| 8 | حسن رضا ولد محمد حسین | چوکیدار | 19 | عبدالرحمان ولد اسماعیل | چوکیدار |
| 9 | اسد علی ولد سرور علی | چوکیدار | 20 | سید محب علی ولد سید محبوب علی | چوکیدار |
| 10 | ابتشام علی ولد محمد شہزاد علی | چوکیدار | 21 | حافظ محمد قربان ولد محمد امین | چوکیدار |
| 11 | عادل خلیل ولد خلیل احمد | چوکیدار | | | |

(ج) ضلع لاہور محکمہ سپورٹس نے سال 2023 اور 2024 میں تنخواہوں کی مد میں فراہم کردہ فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | کیفیت سٹاف | فراہم کردہ فنڈ | اخراجات |
|---|---|---|---|
| 1 | تنخواہ ریگولر ملازمین | 16,424,888 | 16,327,444 |
| 2 | تنخواہ ڈیلی ویجز ملازمین | 46,434,973 | 46,323,259 |

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

راجن پور ضلع میں سپورٹس کلب کی تعمیر و مرمت اور فنڈز سے متعلق تفصیلات

*1396: محترمہ شازیہ عابد: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا تحصیل راجن پور میں سپورٹس کلب تعمیر کیا گیا ہے۔

(ب) اگر تعمیر کیا گیا ہے تو کیا حکومت نے سال 2023 اور 2024 میں اس کی تعمیر و مرمت کے لیے کتنا فنڈ رکھا ہے۔ مکمل تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 27 جون 2024 تاریخ ترسیل 13 اگست 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) تحصیل راجن پور میں کوئی سپورٹس کلب تعمیر نہیں کیا گیا۔

(ب) تحصیل راجن پور میں کوئی کلب تعمیر نہیں کیا گیا اور حکومت نے سال 2023 اور 2024 میں اس کے لیے کوئی فنڈ نہیں رکھا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## راجن پور: ضلع بھر میں محکمہ سپورٹس کے دفاتر و ملازمین کی تعداد اور خالی اسامیوں سے متعلق تفصیلات

*1408: محترمہ شازیہ عابد: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور محکمہ سپورٹس کا سال 23-2022 اور 24-2023 کا بجٹ کتنا ہے؟

(ب) سال 24-2023 میں کتنا بجٹ کھیلوں پر خرچ ہوا تھا۔ کس کس کھیل پر خرچ ہوا ہے۔

(ج) ضلع راجن پور میں سپورٹس کے کتنے دفاتر اور ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(د) ضلع راجن پور کے دفاتر میں کون کونسی اسامیاں کب سے خالی ہیں۔

(تاریخ وصولی 27 جون 2024 تاریخ ترسیل 13 اگست 2024)

### جواب

وزیر کھیل

(الف) ضلع راجن پور میں سپورٹس کا سال 23-2022 کا بجٹ -/1081400 روپے ہے۔

ضلع راجن پور میں سپورٹس کا سال 24-2023 کا بجٹ -/1085117 روپے ہے۔

(ب)

| | |
|---|---|
| خرچ شدہ بجٹ | -/1085087 روپے |
| 1۔ بیڈ منٹن | 2۔ رسہ کشی |
| 3۔ کبڈی | 4۔ والی بال |
| 5۔ دنگل | 6۔ فٹ بال |
| 7۔ آرچری | 8۔ اتھلیٹکس |
| 9۔ ٹیبل ٹینس | |

(ج)ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس راجن پور

| نمبر شمار | نام | عہدہ | نمبر شمار | نام | عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایاز حسین کھرانی | ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر | 2 | ریاض احمد ڈوگر | اسسٹنٹ |
| 3 | محمد باقر | نائب قاصد | 4 | صفی اللہ | چوکیدار |
| 5 | عبداللطیف | چوکیدار | | | |

تحصیل سپورٹس آفس راجن پور

سٹافNil

تحصیل سپورٹس آفس جام پور

| نمبر شمار | نام | عہدہ | نمبر شمار | نام | عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | انیس الرحمان | تحصیل سپورٹس آفیسر | 2 | الن خان | چوکیدار جیمنیزیم |
| 3 | اختر خان | چوکیدار جیمنیزیم | 4 | سجاول خان | چوکیدار جیمنیزیم |
| 5 | وقار الحسن | سوپیر جیمنیزیم | | | |

تحصیل سپورٹس آفس روجھان

سٹافNil

(د) ضلع راجن پور میں درج ذیل اسامیاں خالی ہیں۔

| نام اسامی | تعداد | سال |
|---|---|---|
| تحصیل سپورٹس آفیسر | 02 | 2022 |
| اسسٹنٹ جیمنیزیم | 01 | 2023 |

| | | |
|---|---|---|
| جونیئر کلرک | 06 | 2022 |
| الیکٹریشن | 02 | 2017 |
| پلمبر | 02 | 2017 |
| نائب قاصد | 01 | 2017 |

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

لاہور

مورخہ 07 ستمبر 2024

چودھری عامر حبیب

سیکرٹری جنرل

# بروز سوموار 09 ستمبر 2024 کو محکمہ کھیل کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | جناب احمر بھٹی | 332 |
| 2 | جناب امجد علی جاوید | 398-396 |
| 3 | جناب اُسامہ فضل | 498 |
| 4 | سید رفعت محمود | 548 |
| 5 | سردار محمد اویس دریشک | 614-612 |
| 6 | چوہدری محمد اعجاز شفیع | 911 |
| 7 | جناب ذوالفقار علی شاہ | 939 |
| 8 | محترمہ مہوش سلطانہ | 1125 |
| 9 | جناب فیلبوس کرسٹوفر | 1301 |
| 10 | محترمہ شازیہ عابد | 1408-1396 |

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## توجہ دلاؤنوٹسز (Call Attention Notices)

## بروز سوموار مورخہ 09 ستمبر 2024

### راجن پور: تھانہ کوٹ مٹھن میں 17 سالہ دلشاد نامی کی پولیس تشدد سے ہلاکت

**110: سردار محمد اویس دریشک:** کیاوزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تھانہ کوٹ مٹھن ضلع راجن پور کی پولیس نے 17 سالہ رکشہ ڈرائیور دلشاد کو پل قادرہ سے اٹھایا اور تھانہ میں بند کر دیا اس کے بھائی نے پولیس متعلقہ تھانہ سے اپنے بھائی کو گرفتار کرنے کی بابت معلومات حاصل کیں تو اسے بتایا گیا کہ اس کو ایک نامعلوم مقدمہ میں ملوث ہونے پر شک کی بناء پر اٹھایا ہے اور صبح تفتیش کے بعد چھوڑ دیں گے۔ صبح مدعی مقدمہ اپنے بھائی کو ملنے کے لیے تھانے پہنچا تو گرفتار بھائی نے بتایا کہ پولیس نے اس پر بہت تشدد کیا ہے اور سر پر سوٹے مارے ہیں اور بتایا کہ رہائی کے بدلے اڑھائی لاکھ روپے کی ڈیمانڈ کی ہے۔ وقوعہ ہذا 21 جولائی 2024 کو ہوا جبکہ اگلے دن صبح دس بجے مدعی مقدمہ کے بھائی کے فوت ہونے کی اطلاع دی گئی۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس کا مقدمہ نمبر 24/702 تھانہ کوٹ مٹھن ضلع راجن پور میں مدثر سرگانہ سب انسپکٹر اور چند سپاہیوں کے خلاف درج ہوا اس مقدمہ پر پولیس انچارج ضلع راجن پور نے اب تک کیا کارروائی کی ہے مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

### قصور تھانہ سٹی چونیاں میں پولیس حراست میں رضوان نامی شخص کی تشدد سے ہلاکت سے متعلق تفصیلات

**111: حنبل ثناء کریمی:** کیاوزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ نیوز چینلز مورخہ 5 ستمبر 2024 کی خبر کے مطابق تھانہ سٹی چونیاں ضلع قصور میں پولیس نے مویشی چوری کے الزام میں رضوان نامی شخص کو تشدد کر کے ہلاک کر دیا؟

(ب) کیا اس واقعہ کا مقدمہ ذمہ داران پولیس اہلکاران کے خلاف درج کر لیا گیا ہے اگر ہاں تو اس کی تفتیش کی موجودہ صورت حال سے آگاہ فرمائیں۔

لاہور
مورخہ 07 ستمبر 2024

چودھری عامر حبیب
سیکرٹری جنرل